## سوال

(175) بھول کرچاراوک پانی ڈال دینا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

ایک آدمی بھول کراپنے سر پر غسل جنابت کے دوران چاراوک پانی ڈال دیتا ہے ، غسل کرلینے کے بعد اسے یاد آتا ہے کہ میں نے ایک مرتبہ زیادہ دھولیا ہے ۔ کیا اب اس پر غسل دھرانا ضروری ہے یا اس کی یہ بھول معاف ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃاللہ وبرکاتہ!

الحمدللہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

غسل درست ہے آیندہ ایسا نہ کرے ۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

''میری اُمت کی بھول چوک معاف ہے اور جو کام زبردستی کرائے جائیں وہ بھی معاف ہیں ۔'' (ابن ماجہ ، کتاب الطلاق ، باب الطلاق المکروہ والناسی ، مشکوٰۃ، کتاب المناقب ، باب ثواب ہذہ الامۃ، الفصل الثالث )

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

**جلد02**

محدث فتویٰ